# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 29 فروری 2024ء بمطابق 18 شعبان المعظم 1445 ہجری صبح گیارہ بجکر دس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب مشتاق احمد غنی، سپیکر گزشتہ اسمبلی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَاO وَ اِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِO اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖO اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًاO يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْO فَإِن تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ إِن كُنتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ۔

(ترجمہ): بے شک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں جن کی ہیں انہیں سپرد کرو اور یہ کہ جب تم لوگوں میں فیصلہ کرو تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو بے شک اللہ تمہیں کیا ہی خوب نصیحت فرماتا ہے بے شک اللہ سنتا دیکھتا ہے۔ اے لوگو! جو ایمان لائے ہو اللہ کی اطاعت کرو، رسول اللہ کی اطاعت کرو اور ان لوگوں کی اطاعت کرو جو تم میں سے صاحب امر ہوں، پھر اگر تمہارے درمیان کسی معاملے میں نزاع پیدا ہو جائے تو اسے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف پھیر دو اگر تم واقعی اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہو، یہ ایک صحیح طریقہ کار ہے اور انجام کے اعتبار سے بھی بہتر ہے۔

وآخِرُ الدَعوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ۔

## حلف وفاداری رکنیت

Mr. Speaker: Honorable Members elect, to stand in front of their seats to take oath_ Laiq Muhammad Khan, Abdul Muneem Khan.

(اس مرحلہ پر نو منتخب اراکین صوبائی اسمبلی نے حلف اٹھایا)

(حلف نامہ ضمیمہ میں ملاحظہ ہو)

جناب سپیکر: مبارک ہو جی، آپ کو۔

Now, I call upon the Members elect, to sign in the Roll of Members, placed on the Table of the Secretary, Provincial Assembly, turn by turn.

(اس مرحلہ پر نو منتخب اراکین اسمبلی نے حاضری رجسٹر پر دستخط ثبت کئے)

## سپیکر کا انتخاب

جناب سپیکر: ذیلی قاعدہ (8) بمع قاعدہ 10 قواعد وانضباط و طریقہ کار صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا مجریہ 1988 سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کے عہدوں کے انتخاب کے لئے درج ذیل طریقہ کار مقرر کیا گیا ہے:

سپیکر کے انتخاب کے لئے بیلٹ پیپر کا رنگ سبز اور ڈپٹی سپیکر کے لئے پیلا ہو گا۔ بیلٹ پیپر پر امیدوار کے نام اردو کے حروف تہجی کی ترتیب سے درج ہونگے۔ معزز اراکین حلقہ نیابت کی ترتیب سے سیکرٹری اسمبلی سے بیلٹ پیپر حاصل کر کے اپنی پسند کے امیدوار کے سامنے میز پر پڑی مہر، اس مہر میں ایکس 'X' کا نشان ڈھلا ہوا ہے، اس سے آپ امیدوار کے نام کے سامنے خالی خانہ میں وہ مہر ثبت کریں گے، مہر لگائیں گے، اس کے بعد بیلٹ پیپر سیکرٹری اسمبلی کی میز پر ایوان میں رکھے بیلٹ بکس میں ڈال دیں گے۔ پولنگ کے اختتام کے لئے اعلان کیا جائے گا جس کے بعد کوئی بھی رکن اسمبلی ووٹ نہیں ڈال سکے گا۔ پولنگ کے اختتام پر سیکرٹری ہر امیدوار کے پولنگ ایجنٹ کی موجودگی میں ووٹوں کی گنتی کرے گا، اگر کوئی امیدوار اپنا پولنگ ایجنٹ مقرر کرنا چاہے تو سیکرٹری اسمبلی کو اپنا نام دے سکتے ہیں۔ ایسے ووٹ درست قرار نہیں دیئے جائیں گے جن سے واضح پتہ نہ چلتا ہو کہ کس امیدوار کے لئے ڈالے گئے، ووٹوں کی گنتی کے بعد ایوان میں نتائج کا اعلان کیا جائے گا، so ہم پولنگ سٹارٹ کرتے ہیں۔ سیکرٹری صاحب سے

گزارش ہے کہ سپیکر کے عہدے کے لئے موصول شدہ ناموں کا اعلان کریں۔ (جناب سیکرٹری صوبائی اسمبلی نے سپیکر کے عہدے کے لئے امیدواران اوران کے تجویز کنندگان کے ناموں کا اعلان کیا)

(امیدواران اوران کے تجویز کنندگان کے نام ضمیمہ میں ملاحظہ ہوں)

(اس مرحلہ پر سپیکر کے انتخاب کا عمل شروع ہوا)

(شور)

جناب سپیکر: خاموشی اختیار کریں پلیز، مہربانی کرکے خاموشی اختیار کریں، خاموشی اختیار کریں، ہاؤس کے ڈیکورم کا خیال رکھیں۔ دیکھیں مہربانی کرکے خاموشی اختیار کریں، یہ الیکشن ہو رہا ہے، مہربانی کرکے ہاؤس کے تقدس کا خیال رکھا جائے۔ گیلری میں بیٹھے جتنے مہمان ہیں برائے مہربانی آپ خاموشی سے Witness کریں پروگرام کو، ہاؤس کا ماحول خراب نہ کریں، اب جس گیلری سے ماحول خراب ہوگا ناں، یہ گیلریز میں جتنے مہمان بیٹھے ہیں، آپ اپنا کام کریں گے یا ہاؤس کا کام کرنے دیں گے ورنہ میں اجلاس Adjourn کرتا ہوں، یہ الیکشن ختم ہو جائے گا ادھر ہی یہ کچھ نہیں، آپ خاموشی سے بیٹھیں، یہ کچھ نہیں کر رہی ہے، خاموشی اختیار کریں برائے مہربانی۔ جو ابھی تک پولنگ ہو گئی ہے جو ممبر رہتا ہے، اگر کوئی آکر اپنا ووٹ Cast کریں تاکہ سپیکر کا جو الیکشن ہے وہ ہم Windup کریں، پھر اس کے بعد ڈپٹی سپیکر کا بھی ہونا ہے۔ Order in the House, please تمام ممبران اپنی نشستوں پہ تشریف رکھیں، دیکھیں یہ پریس گیلریز میں صرف پریس Allowed ہے، پریس گیلریز میں صرف پریس کے لوگ بیٹھیں گے باقی لوگ پریس گیلریز کو خالی کر دیں، یہ پریس گیلری خالی کریں برائے مہربانی، یہ آپ ہاؤس چلائیں یا ہمیں چلانے دیں؟ جتنے غیر متعلقہ لوگ پریس گیلریز میں ہیں وہ نشستیں خالی کریں۔ میڈیا کے دوستوں سے میری گزارش ہے، ہم خالی کرا رہے ہیں آپ تشریف رکھیں، میڈیا کے دوست اپنی گیلری میں تشریف رکھیں، خالی ہو گی گیلری، اب میڈیا کے دوست تشریف رکھیں، ایسا کبھی نہیں ہوتا، دیکھیں ماحول کو ٹھیک رکھیں، میڈیا کے ساتھیوں سے گزارش ہے میری کہ اپنی گیلری میں تشریف رکھیں اور باقی لوگ جو میڈیا کی گیلری کے آگے کھڑے ہیں ہٹ جائیں یہاں سے، سائیڈوں پہ آجائیں، میڈیا گیلری کو Open کریں، Open کریں شاباش، میڈیا گیلری، یہ میڈیا گیلری کے آگے جو کھڑے ہیں، دائیں بائیں ہو جائیں، ان کی

گیلری کوOpen چھوڑ دیں، یہ ہمارا سیکورٹی سٹاف، پلیز میڈیا گیلری کے آگے سے لوگوں کو ہٹائیں، آپ تشریف رکھیں جی میڈیا، ابھی پولنگ اختتام پذیر ہو گئی ہے، بار بار جن ممبران نے ووٹ Cast نہیں کیا، اعلان کئے گئے، ان کے نام پکارے گئے لیکن وہ اپنا ووٹ Poll کرنے نہیں آئے یا ہاؤس میں موجود نہیں ہیں، کنڈی صاحب، کوئی اعتراض! کنڈی صاحب کو بتائیں جی، کتنے لوگ نہیں ہیں؟ یہ پریس گیلری کے آگے جو لوگ ہیں یہاں سے آپ سائیڈ پہ ہو جائیں، ان کو بتائیں کہ یہ پریس گیلری ہے، اصل میں پہلی دفعہ کئی لوگ ہاؤس میں آئے ہیں، ان کو یہ بھی نہیں پتہ پریس گیلری کدھر ہے، یہ لکھا ہوا ہے، سامنے پریس گیلری، اس کے آگے سے ہٹ جائیں تاکہ جرنلسٹس کو ہاؤس پوراView ہو، نظر آئے۔ کسی کو بھیجیں ناں یار، پریس گیلری سے ہٹائیں سب کو، یہ جو چند لوگ پریس گیلری کے آگے ہیں ہٹ جائیں آگے سے، مان لیں بات، یار، سائیڈ پہ ہو جائیں۔ تھینک یو، کنڈی صاحب، ٹھیک ہے،Counting start کریں جی۔

(اس مرحلہ پر گنتی ہو رہی ہے)

جناب سپیکر: Counting کے دوران میں دو چار باتیں کرنا چاہتا ہوں، اپنی الوداعی باتیں کرنا چاہتا ہوں۔

معزز ممبران اسمبلی! میں سب سے پہلے تو آپ سب کو مبارک باد پیش کرتا ہوں اس نئے ایوان میں، آپ کی آمد، بیشتر نئے لوگ ہیں اور بہت سارے پرانے لوگ بھی ہیں، دونوں طرف اپوزیشن میں بھی اور ٹریژری بنچز کے اوپر بھی، میں تمام ممبران کو مبارک باد پیش کرتا ہوں اور آپ سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ گزشتہ اسمبلی میں میری کوشش رہی ہے کہ اس ہاؤس کو قاعدے اور قانون کے مطابق چلاؤں اور اپوزیشن کو ساتھ لے کر چلنے کی ہمیشہ میں نے کوشش کی، ہم نے اسمبلی میں نہ صرف ممبران اسمبلی کی تعداد بڑھائی بلکہ سٹاف کی صلاحیتوں کو بڑھانے سمیت ان کو پروموشنز اور اپ گریڈیشن دی تاکہ ان کی استعداد میں اضافہ ہو سکے۔ اس کے ساتھ اسمبلی میں ہم نےBaby Day Care Centre چونکہ ہمارے پاس Young MPAs تھیں اور ان کے بچے ساتھ ہوتے تھے تو ان کو بہت زیادہ پرابلم ہوتا تھا تو ان کے لئے ہم نے Young Baby Day Care Centre قائم کیا، Cafeteria قائم کیا، Media Facilitation Centers قائم کئے اور اسمبلی میں تقریباً186 انتہائی ضروریBills ہم نے پاس کئے اور صوبے کے عوام کو روزگار دینے کے لئے ملازمین کو ریگولرائز کرنے کے لیے ہم نے قانون سازی کی،

اپوزیشن کو خوش اسلوبی سے چلانے کے لئے تمام معاملات میں ہم نے ان کو شریک کیا اور اس ہاؤس میں بھائی چارے کی فضا کو ہم نے قائم رکھا۔ پہلی دفعہ اس اسمبلی میں ہم نے جتنے ہمارے اپوزیشن کے پارلیمانی لیڈرز تھے، نہ صرف یہ کہ ان کو ہم نے دفاتر فراہم کئے بلکہ ان کو ہم نے سٹاف بھی مہیا کیا تاکہ ان کے کام میں ان کی معاونت ہو سکے اور زیادہ بہتر کارکردگی کا مظاہر کر سکیں۔ بحیثیت سپیکر میں نے ہمیشہ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان ٹریژری بنچز کے Bridge کا کام کیا اور کئی معاملات کو میں افہام و تفہیم سے حل کرنے کی بھرپور کوشش کرتا رہا تاکہ ہاؤس کا ماحول خوشگوار رہے۔ میں اپنے، میں اپنے تمام اسمبلی کے سٹاف کا بے حد شکریہ ادا کرتا ہوں، سیکرٹری صاحب کا اور میری تمام ٹیم کا کہ جن کا بھرپور تعاون مجھے حاصل رہا اور ہمارا کلاس فور سے لیکر اوپر تک کا سب سٹاف ہمیشہ سے وہ جانفشانی سے کام کرتے رہے، کبھی مجھے کوئی شکایت کا موقع نہیں ملا اس لئے میں ان سب کو Appreciate کرتا ہوں اور میں ان سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

یہاں پہ ہم نے سب سے بڑا کام یہ کیا کہ حضور نبی پاک ﷺ خاتم النبیین کی قرارداد ہم نے پاس کی کہ ان ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا اور وہ آخری نبی ہیں اور یہ آپ اوپر دیکھیں کہ ہم نے یہاں بھی اور گیٹ کے اوپر بھی یہ آیت لکھ دی کہ نبی پاک ﷺ کے بعد کوئی بھی نبوت کا کوئی دعویدار ہوگا تو وہ مرتد ہوگا، جھوٹا ہوگا، کاذب ہوگا، ہمارے نبی ﷺ آخری نبی ہیں

(تالیاں)

ہمارا مؤقف صاف، میں آپ سب کا ایک دفعہ پھر جو پرانے ممبران ادھر بیٹھے ہیں ان کا اور سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور مجھے امید ہے کہ ابھی Counting کے بعد جو ریزلٹ آئے گا اور جو حالات ہمارے سامنے ہیں، بابر سلیم سواتی صاحب کی پوزیشن کافی مضبوط ہے ان شاءاللہ اور مجھے امید ہے کہ وہ اس اسمبلی میں ایک Experienced شخص ہیں، تمام اسمبلی کی جتنی Trainings ہوتی ہیں وہ ساری پچھلے دور میں وہ کر چکے ہیں اور کئی دفعہ اس ہاؤس کو Run کرنے کا بھی ان کو Experience ہو چکا ہے، میرا ان کے ساتھ بھرپور تعاون رہے گا اور مجھے یقین ہے کہ وہ اور ڈپٹی سپیکر صاحبہ اس ہاؤس کو انتہائی خوش اسلوبی سے چلائیں گے، ان شاءاللہ تعالیٰ!۔۔۔۔۔

(تالیاں)

ابھی ریزلٹ کاانتظار ہے، یہ ہاؤس میں بیٹھے ہمارے، گیلریز میں بیٹھے میرے نوجوان آپ محسوس نہ کریں، یہاں ہمیں کچھ تھوڑامعاملات کوڈسپلن میں رکھناپڑتاہے، مجھے پتہ ہے کہ آپ کی خوشی کا کوئی اندازہ نہیں ہے، بہت صعوبتیں آپ نے برداشت کی ہیں، اس پارٹی نے، ہم سب نے، اور اب آپ کے اندر وہ ایک نیچرل جوش و خروش ہے، جتنی مصیبتوں کے بعد ہم سارے یہاں پہ پہنچے ہیں، مشکلات کے بعد، (تالیاں) اور میرے خیال میں یہ بھی ایک تاریخی واقعہ ہے کہ ایک پارٹی کا لیڈر جیل میں ہو، نشان چھین لیاجائے اور وہ پارٹی اتنی بھاری اکثریت سے کامیاب ہو۔

(اس مرحلہ پر سپیکر کے انتخاب کے لئے گنتی مکمل ہوئی)

(شوراورتالیاں)

جناب سپیکر: ریزلٹ میرے پاس آچکاہے، ایک منٹ، کل ڈالے گئے ووٹوں کی تعداد: ایک سو چھ ہے (106) ووٹ ڈالے گئے جو سب کے سب درست ہیں، کوئی ووٹ مسترد نہیں ہوااور بابر سلیم سواتی صاحب نے نواسی (89) ووٹ حاصل کرکے Election win کرلیا۔ (شوراورتالیاں) جبکہ احسان اللہ خان نے سترہ (17) ووٹ حاصل کئے۔ احسان اللہ خان نے سترہ (17) ووٹ اور بابر سلیم سواتی نے نواسی (89) ووٹ حاصل کئے اور کامیاب قرار پائے۔

## حلف وفاداریٔ سپیکر

جناب سپیکر: بابر سلیم سواتی صاحب سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ سپیکر کے عہدے کے حلف کے لئے اوپر تشریف لائیں، بابر سلیم سواتی صاحب، حلف کے لئے تشریف لائیں۔ معزز ممبران! بابر صاحب کوذرا آزاد کریں کہ یہ حلف اٹھالیں، ابھی حلف کی تقریب ہورہی ہے، خاموشی اختیار کریں، حلف کے دوران کوئی بات نہ کرے برائے مہربانی۔ بابر سلیم صاحب، تشریف لائیں اور اپنے سپیکر کے عہدے کا حلف اٹھائیں۔

(اس مرحلہ پر جناب بابر سلیم سواتی نے بحیثیت سپیکر صوبائی اسمبلی حلف اٹھایا)

(حلف نامہ ضمیمہ 3 میں ملاحظہ ہو)

(اس مرحلہ پر نومنتخب سپیکر، جناب بابر سلیم سواتی مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

(تالیاں)

جناب سپیکر: اعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیم۔

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ۔ میں اپنی لیڈر شپ، اپنے بانی چیئر مین، موجودہ چیئر مین، اپنے سی ایم علی امین خان، اپنی تمام لیڈر شپ کا اور اس ہاؤس کا مشکور ہوں کہ جنہوں نے آج مجھے بحیثیت سپیکر Elect کیا۔

(تالیاں)

## ڈپٹی سپیکر کا انتخاب

جناب سپیکر: ایجنڈا ائٹم کو دیکھتے ہیں، پھر اس کے بعد میں چند باتیں آپ کے ساتھ کر لوں گا۔ ڈپٹی سپیکر کا انتخاب بذریعہ خفیہ رائے شماری سیکرٹری صاحب سے گزارش ہے کہ ڈپٹی سپیکر کے عہدے کے لئے، کے انتخاب کے لئے موصول شدہ ناموں کا اعلان کریں۔

(جناب سیکرٹری صوبائی اسمبلی نے ڈپٹی سپیکر کے عہدے کے لئے امیدواران اور ان کے تجویز کنند گان کے ناموں کا اعلان کیا)

(امیدواران اور ان کے تجویز کنند گان کے نام ضمیمہ میں ملاحظہ ہوں)

(اس مرحلہ پر ڈپٹی سپیکر کے انتخاب کیلئے رائے دہندگی کا عمل شروع ہوا)

جناب سپیکر: اچھا جو معزز ممبران ووٹ کاسٹ کرنے سے رہ گئے ہیں Kindly اپنے ووٹ وہ ڈال لیں جی! الیکشن کا ٹائم ختم ہو گیا جی تو سیکرٹری صاحب گنتی کر لیں۔

(اس مرحلہ پر ڈپٹی سپیکر کے انتخاب کے لئے ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی کی گئی)

جناب سپیکر: معزز اراکین! ڈپٹی سپیکر کے انتخاب کے لئے دو Candidates تھے، محترمہ ثریا بی بی صاحبہ اور محترم ارباب وسیم صاحب، تو کل ووٹ جو ڈالے گئے ہیں ان کی تعداد ایک سو چھ 106 ہے، تمام ووٹ درست قرار پائے کوئی ووٹ مسترد نہیں ہوا۔ جناب ارباب محمد وسیم خان نے انیس (19) ووٹ حاصل کئے اور محترمہ ثریا بی بی صاحبہ نے ستاسی (87) ووٹ حاصل کئے۔

(تالیاں اور شور)

## سپاس تشکر

جناب سپیکر: محترمہ ثریابی بی سے گزارش کی جاتی ہے، وہ ڈپٹی سپیکر کے عہدے کے حلف کے لئے تشریف لائیں۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

معزز ممبران اسمبلی! میں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے اپنے فضل و کرم سے ہم سب کو اس صوبے کی خدمت کا موقع دیا انتہائی انکساری اور تشکر کے ساتھ میں آپ تمام ممبران کا تہہ دل سے مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے یہ اعزاز دیا، میں اپنے بانی چیئرمین، اپنے موجودہ چیئرمین بیرسٹر گوہر صاحب، عمر ایوب خان ہمارے سیکرٹری جنرل صاحب، میرے بزرگ اعظم سواتی صاحب، جناب اسد قیصر صاحب، اپنی بہنوں، اپنی فیملی، اپنے دوست، اپنے احباب کا شکر گزار ہوں، میں آپ سب کو اپوزیشن کو بھی اور گورنمنٹ کو بھی یہ یقین دلاتا ہوں کہ میں پوری دیانتداری کے ساتھ جو حلف میں نے لیا ہے، میں اس حلف کی پاسداری کروں گا۔

(تالیاں)

ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ہمیں آزادی کے بعد جو Colonial system ہمیں تحفے میں ملا، ہم ابھی تک اس کے اندر کھیل رہے ہیں، یہ جو لوگ ہم یہاں پہنچتے ہیں، یہ عوام کی امنگوں کے ترجمان ہوتے ہیں، عوام یہ توقع کرتے ہیں کہ یہ ایوان ان کے دل کی جو حسرتیں ہیں، اس کے لئے بہتر قانون سازی کرے گا، سیاسی قوتیں اور سیاسی پارٹیاں اپنے اپنے ادوار میں یہ کوشش کرتی رہی ہیں جو کہ ہم سمجھتے ہیں کہ ناکافی رہی ہیں، ہر ایک نے اپنی کوشش کی، ہم پہ بڑی بھاری اس مرتبہ ذمہ داری ہے، آپ دیکھتے ہیں کہ سیاسی پارٹیاں مختلف ادوار میں جبر کا شکار رہی ہیں، میں یہ سمجھتا ہوں کہ شاید ہم میں جو منتخب لوگ ہیں ان میں کسی چیز کی کمی رہی ہو گی کہ ہم اس بات کو پورا نہ کر سکے۔ (تالیاں) میں یہ توقع رکھتا ہوں جناب علی امین خان گنڈاپور سے، اپنی حکومتی بنچوں سے، کنڈی صاحب! آپ سے، اپوزیشن لیڈر صاحب سے اور اپوزیشن کی بنچوں سے، پبلک ہمیں قطعاً اس لئے نہیں بھیجتی ہے کہ یہاں آ کر ہم ایک دوسرے کے کپڑے اتارنا شروع کر دیں اور ایک دوسرے کے پیچھے باتیں کرنا شروع کر دیں (تالیاں) میں یہ توقع کرتا ہوں کہ جو KP کی روایات ہیں، ان کو برقرار رکھا جائے گا (تالیاں) اور جو قانون سازی جناب مشتاق غنی صاحب کے دور میں شروع کی گئی تھی اس اسمبلی کے حوالے سے بھی اور باقی قوانین کے حوالے سے بھی، وہ میں یہ سمجھتا

ہوں کہ علی امین خان کی لیڈرشپ میں اور آپ سب کے ساتھ کی وجہ سے وہ پوری کرلیں گے ہم، اللہ آپ سب کا حامی و ناصر ہو، اللہ ہمیں ہمت دے، ہمیں توفیق دے کہ جس کام کے لئے اور جن عہدوں کے لئے ہم لوگ منتخب ہو کر آئے ہیں، ہم دیانتداری کے ساتھ اپنے دین پہ قائم رہتے ہوئے جناب نبی پاک ﷺ کی حرمت پہ قائم رہتے ہوئے ان کے غلاموں کی حیثیت سے اسے پورا کر سکیں۔ میں آپ سب کا بہت مشکور ہوں، میں جناب مشتاق غنی صاحب کا بڑا مشکور ہوں جنہوں نے ہمارے لئے گزشتہ دور میں استاد کی حیثیت سے بھی ہمیں پڑھایا، ہمیں بہت سارے، (تالیاں) اور میں اپنے سینیئرز کا بھی بڑا مشکور ہوں، اکبر ایوب خان بیٹھے ہیں، باقی میرے بھائی بیٹھے ہیں کہ ان سے مجھے بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا، میں کوشش کروں گا میں ایک مرتبہ پھر کہتا ہوں کہ میں کوشش کروں گا، انتہائی دیانتداری کے ساتھ ان شاءاللہ تعالیٰ اس ہاؤس کو چلانے کی کوشش کروں گا کوئی تفریق نہیں رکھوں گا، سب کی عزت اور احترام مجھے مقدم ہے، آپ لوگوں سے بھی میں یہ توقع رکھتا ہوں کہ آپ انہی آداب اور روایات کے اندر رہتے ہوئے اس ہاؤس کو ان شاءاللہ تعالیٰ چلائیں گے، بہت شکریہ، Thank you very much, Sir.

## حلف وفاداری ڈپٹی سپیکر

جناب سپیکر: محترمہ ثریابی بی صاحبہ سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ ڈپٹی سپیکر کے عہدے کے حلف کے لئے اوپر تشریف لے آئیں۔

(اس مرحلہ پر محترمہ ثریابی بی نے بحیثیت ڈپٹی سپیکر صوبائی اسمبلی حلف اٹھایا)

(حلف نامہ ضمیمہ 4 میں ملاحظہ ہو)

(تالیاں)

## جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

جناب سپیکر: اچھا ایک اعلان ہے، کہ معزز اراکین اسمبلی! وزیر اعلیٰ کا انتخاب مورخہ یکم مارچ 2024 بروز جمعہ 10:00 بجے صبح ہو گا جس کے لئے کاغذات نامزدگی آج مورخہ 29 فروری 2024 بروز جمعرات 03:00 بجے بعد از دوپہر تک سیکرٹری صوبائی اسمبلی کے پاس داخل کئے جا سکتے ہیں، کاغذات کی

جانچ پڑتال آج ہی یعنی جمعرات مورخہ 29 فروری بوقت 04:00 بجے سہ پہر سپیکر کے چیمبر میں ہو گی، امیدوار کاغذات نامزدگی انتخاب سے پہلے کسی بھی وقت واپس لے سکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ کے انتخاب کے لئے تفصیلی طریقہ کار سے متعلق نوٹس تمام ممبران اسمبلی کی سہولت کی خاطر ایوان میں پہلے ہی تقسیم کیا جا چکا ہے۔

The sitting is adjourned till 10:00 am, Friday 1st March, 2024.

---

(اجلاس بروز جمعۃ المبارک مورخہ یکم مارچ 2024ء صبح دس بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)

## ضمیمہ

## حلف وفاداریٔ رکنیت

[آرٹیکل 65اور 127]

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

میں،۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔صدق دل سے حلف اٹھاتا/اٹھاتی ہوں کہ میں خلوص نیت سے پاکستان کا حامی اور وفادار رہونگا/رہونگی:

کہ بحیثیت رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخواصوبہ، میں اپنے فرائض و کارہائے منصبی ایمانداری، اپنی انتہائی صلاحیت اور وفاداری کے ساتھ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور، قانون اور اسمبلی کی قواعد کے مطابق، اور ہمیشہ پاکستان کی خود مختاری، سالمیت، استحکام، یک جہتی اور خوشحالی کی خاطر انجام دونگا/دونگی:

کہ میں اسلامی نظریہ کو برقرار رکھنے کیلئے کوشاں رہونگا/رہونگی جو قیام پاکستان کی بنیاد ہے:

اور یہ کہ میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کو برقرار رکھونگا/رکھونگی اور اس کا تحفظ اور دفاع کرونگا/کرونگی:

[اللہ تعالیٰ میری مدد اور رہنمائی فرمائے (آمین)]

## سپیکر کے عہدے کے لئے امیدواران اور ان کے تجویز کنندگان

## ضمیمہ نمبر1

| امیدوار برائے سپیکر | تجویز کنندگان |
|---|---|
| جناب بابر سلیم سواتی، رکن صوبائی اسمبلی PK-37 | 1۔جناب مرتضیٰ خان، رکن صوبائی اسمبلی PK-53<br>2۔جناب محمد ادریس، رکن صوبائی اسمبلی PK-86 |
| جناب احسان اللہ، رکن صوبائی اسمبلی PK-115 | 1۔جناب رشاد خان، رکن صوبائی اسمبلی PK-28<br>2۔ارباب زرک خان، رکن صوبائی اسمبلی PK-80 |

## ڈپٹی سپیکر کے عہدے کے لئے امیدواران اور ان کے تجویز کنندگان

| امیدوار برائے ڈپٹی سپیکر | تجویز کنندگان |
|---|---|
| ارباب محمد وسیم رکن صوبائی اسمبلی PK-73 | 1۔سردار شاہجہان یوسف، رکن صوبائی اسمبلی PK-40<br>2۔جناب احمد کنڈی، رکن صوبائی اسمبلی PK-112 |
| محترمہ ثریابی بی، رکن صوبائی اسمبلی PK-01 | 1۔جناب رنگیز احمد، رکن صوبائی اسمبلی PK-49<br>2۔جناب فیصل خان، رکن صوبائی اسمبلی PK-52 |

ضمیمہ نمبر 2

حلف سپیکر صوبائی اسمبلی

(آرٹیکل (2)53 اور 127)

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

میں،۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔، صدق دل سے حلف اٹھاتا/اٹھاتی ہوں کہ میں خلوص نیت سے پاکستان کا حامی اور وفادار رہوں گا:

کہ، بحیثیت سپیکر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا، اور جب کبھی بھی مجھے بحیثیت گورنر کام کرنے کے لئے کہا جائے گا تو میں اپنے فرائض و کارہائے منصبی، ایمانداری، اپنی انتہائی صلاحیت اور وفاداری کے ساتھ، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور، قانون اور اسمبلی کے قواعد کے مطابق اور ہمیشہ پاکستان کی خود مختاری، سالمیت، استحکام، یکجہتی اور خوشحالی کی خاطر انجام دوں گا:

کہ میں اسلامی نظریہ کو برقرار رکھنے کے لئے کوشاں رہوں گا جو قیام پاکستان کی بنیاد ہے:

کہ میں اپنے مفاد کو اپنے سرکاری کام یا اپنے سرکاری فیصلوں پر اثرانداز نہیں ہونے دوں گا:

کہ میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کو برقرار رکھوں گا اور اسکا تحفظ اور دفاع کروں گا:

اور یہ کہ میں ہر حالت میں، ہر قسم کے لوگوں کے ساتھ، بلاخوف و رعایت اور بلارغبت و عناد، قانون کے مطابق انصاف کروں گا۔

اللہ تعالیٰ میری مدد اور رہنمائی فرمائے (آمین)

ضمیمہ نمبر 3

حلف ڈپٹی سپیکر صوبائی اسمبلی

(آرٹیکل (2)53 اور 127)

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

میں، ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ، صدق دل سے حلف اٹھاتا/اٹھاتی ہوں کہ میں خلوص نیت سے پاکستان کی حامی اور وفادار رہوں گی:

کہ، جب کبھی بحیثیت سپیکر صوبائی اسمبلی صوبہ خیبر پختونخوا کام کرنے کے لئے کہا جائے گا تو میں اپنے فرائض و کارہائے منصبی، ایمانداری، اپنی انتہائی صلاحیت اور وفاداری کے ساتھ، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور، قانون اور اسمبلی کے قواعد کے مطابق اور ہمیشہ پاکستان کی خود مختاری، سالمیت، استحکام، یکجہتی اور خوشحالی کی خاطر انجام دوں گی:

کہ میں اسلامی نظریہ کو برقرار رکھنے کے لئے کوشاں رہوں گی جو قیام پاکستان کی بنیاد ہے:

کہ میں اپنے مفاد کو اپنے سرکاری کام یا اپنے سرکاری فیصلوں پر اثرانداز نہیں ہونے دوں گی:

کہ میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کو برقرار رکھوں گی اور اسکا تحفظ اور دفاع کروں گی:

اور یہ کہ میں ہر حالت میں، ہر قسم کے لوگوں کے ساتھ، بلاخوف و رعایت اور بلارغبت و عناد، قانوں کے مطابق انصاف کروں گی۔

اللہ تعالیٰ میری مدد اور رہنمائی فرمائے (آمین)